الجامعۃ البنوریۃ العالمیۃ
متصل سائٹ تھانہ - پی او بکس نمبر ۱۰۶۹۸ کراچی پاکستان
دار الافتاء والقضاء
ای میل: darulifta@gmail.com ویب سائٹ: www.jamiabinoria.net فون: 2560300-2560400 فیکس: 2564586

MODE: **Regular**

Name :	**abdulnaeem**	Serial No :	**13609**
Address :	**Hyderabad,sind**	Date :	**10/4/2011**
Subject :	**PROPERTY**	Contact No:	
Writer :	ظہیر	Email :	

Assalam o alikum, ap say ye sawal hay kay may nay aik housing society may plot book karway tha abhi tak us H.society nay kissi ko bhi alotment nahi diya hay. magar bohat say logo nay wo plot sirf jo raseeday jama karwai thi dikha kar frokht kar dia hay. Kia baghir apnay naam kia huway koi apna plot forkht kar sakta hay.

السلام علیکم! آپ سے یہ سوال ہے کہ میں نے ایک ہاؤسنگ سوسائٹی میں پلاٹ بک کروایا تھا، ابھی تک اس ہاؤسنگ سوسائٹی نے کسی کو بھی الاٹمنٹ نہیں دیا ہے مگر بہت سے لوگوں نے وہ پلاٹ صرف جو رسیدیں جمع کروائی تھیں دکھا کر فروخت کر دیئے ہیں۔ کیا بغیر اپنے نام کیئے ہوئے کوئی اپنا پلاٹ فروخت کر سکتا ہے؟

الجواب حامداً و مصلیاً

واضح ہو کہ ایسی صورتِ حال میں کسی بلڈنگ کی مکمل تعمیر سے قبل اس میں تعمیر کیئے جانے والے دفاتر یا مکانات وغیرہ کا خریدنا اور بک کروانا اگر محض پہلی مرتبہ ہی ہو تو بیعِ استصناع کے طور پر جائز اور درست ہے، پھر بیعِ استصناع میں جب تک شیٔ تیار کر کے خریدار کے سپرد اور حوالہ نہ کی جائے تو اس وقت تک خریدار کی ملکیت نہ ہونے اور شیٔ کے معدوم ہونے کی بناء پر اس کا آگے کسی دوسرے کے نام فروخت کرنا شرعاً جائز نہیں، لہذا محض قانونی اجازت اور کاغذات کو بنیاد بنا کر اسے آگے بیچنا اور اس پر نفع کمانا شرعاً ناجائز اور ممنوع ہے، اس سے اجتناب و احتراز لازم ہے۔ البتہ اپنی جمع کروائی ہوئی رقم کے بقدر یا اس سے کچھ زائد رقم لیکر دستبردار ہونے کی گنجائش ہے۔

کما فی الھدایۃ: وان استصنع شیئاً من ذلك بغیر اجل جاز استحساناً للاجماع الثابت بالتعامل فیه والقیاس لایجوز لانه بیع معدوم والصحیح انه یجوز بیعاً الخ۔ (ج ۳ ص ۱۰۰)۔

وفی الدر: (والمعدوم کبیع حق التعلی) ای علو سقط لانه معدوم (ج ۵ ص ۵۲)۔ واللہ اعلم بالصواب

ظہیر یونس عفی عنہ
دار الافتاء جامعہ بنوریہ کراچی ۱۶
۱۱ شعبان المعظم ۱۴۳۲ھ

دار الافتاء
۱۳۶۰۹
۱۳/۸/۱۴۳۲ھ

الجواب صحیح
[illegible]
دار الافتاء جامعہ بنوریہ
۱۱ شعبان المعظم ۱۴۳۲ھ

نائب رئیس
دار الافتاء جامعہ بنوریہ العالمیہ

4/7/12